بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

صد شکر و سپاس خداوند لایزال که اکنون بتوفیق و عنایات ربانی

دیوان شہیدی

از افاضات جناب مولوی کرامت علی خان صاحب المتخلص به شہیدی

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ مین بہ طبع زرین مطبوع ہوا

(باہتمام بابو منوہر لال بھارگو سپرنٹنڈنٹ)

اطلاع - اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حال کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹئٹل پیج کے تین صفحہ جو سادہ ہین اُنمین بعض کتب کلیات و دواوین اُردو وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب	قیمت
کتب کلیات و دواوین اُردو	
کلیات ظفر - از حضرت سراج الدین ظفر بادشاہ ہر چہار جلد کامل دو جلد مین -	[illegible]
انتخاب کلیات ظفر -	۶ر
کلیات مومن - از استاد سخن مومن خان دہلوی	۹ر۳ر
دیوان ناسخ - از اُستاد شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی	۱۲ر۶ر
کلیات آتش - از استاد خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی	۸ر
ذو لسانین مجمع البحرین - فارسی و اُردو	
قصائد کا کلیات از تدبیر الدولہ منشی سید مظفر علی اسیر مرحوم لکھنوی اُستاد مشہور جدید الطبع -	عہ
کلیات نغمہ مجید - از مولوی عبد المجید خان	عہ
کلیات امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی	۱۲ر
کلیات میر تقی - اُستاد مسلم الثبوت سخنوری -	عہ
کلیات سودا - اُستاد مسلم معروف -	عہ
کلیات - انشاء اللہ خان شاعر نامی -	عہ
کلیات صنعت - عجیب صنعت -	۹ر۹ر
دیوان مہر - مصنفہ مرزا حاتم علی بیگ	

نام کتاب	قیمت
صاحب مہر مطبوعہ غیر -	[illegible]
دیوان شاہ تراب - کلام مشہور عارف باللہ کاکوروی -	۱۱
کلیات نظیر اکبر آبادی -	۲
زندگانی بےنظیر یعنی سوانح عمری میان نظیر جس مین نظیر اکبر آبادی کے حالات و خیالات سے انگریزی اصول تذکرہ نویسی پر تفصیلاً بحث کی گئی ہی مؤلفہ جناب مولوی سید محمد عبد الغفور صاحب شہباز پروفیسر اورنگ آباد کالج -	[illegible]
کلیات واسطی - از سید فضل رسول خان صاحب تعلقدار سندیلہ -	
دیوان وقار مصنفہ راجہ کشن کمار صاحب متخلص بہ وقار رئیس مشہور بلاری ضلع مرادآباد	
بہارستان اشعار مصنفہ راے کشن کمار صاحب متخلص بہ وقار -	
کلیات نظیر اکبر آبادی مصنفہ و مرتبہ منشی عبد الغفور صاحب شہباز -	

بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

صد شکر و سپاس خداوند لایزال کہ اندنون بتوفیق و عنایات ربانی

دیوان شہیدی

از افاضات جناب مولوی کرامت علی خان صاحب المتخلص بہ شہیدی

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ مین بہ طبع مزین مطبوع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ردیف الالف

حسن سخن ہو وصف جمال اُس جمیل کا
گلگونہ جسکا اسم ہو سرخ قال دقیل کا

اُس خور کے دائرہ مین عیان نقطۂ سپہر
روے عزیز مصر مین ہے خال نیل کا

سُرمہ بنائے گر نہ ترا عشوہ طور کو
مفتون نہو کوئی کسی چشم کحیل کا

گر منجنون مین تو نہو مرجان کا نکلے ہار
گردن پہ اُنکی خون نہو تیرے قتیل کا

تصویر ایک آئینہ انواع مختلف
کس وجہ مین نہ محو رہون ہر شکیل کا

کل واجب الوجود تو جز ممکن الوجود
مفہوم متحد ہے عدیم و عدیل کا

نقطے کے انبساط سے ہو خط و سطح و جسم
مبداء وہ ہے عمیق و عریض و طویل کا

رقم پیدا کیا کیا طرفہ بسم اللہ کی مد کا
طلوع روشنی جیسے نشان ہو شہ کی آمد کا
دبستان ازل مین وہ معلم عقل کل کا تھا
چمن پیرا کن فرا تن جسکی بزم رنگین مین
عجم مین زلزلہ نوشیروان کے قصر مین آیا
شرف حاصل ہوا آدم اور ابراہیم کو اُس سے
شب و روز اُسکے صاحبزادونکا گہوارہ جنبان تھا
وہ اس عالم مین رونق بخش تھا جو سعد کی تسکین کو
شب معراج چڑھکر عرش پر دم مین اُتر آیا
روان تسنیم و کوثر ایک قطرہ آب سے جسکے
کشاد عقدۂ باطن مین کافی نام خوش اسکو
وفات ظاہری سے جوہر جان مین نہ فرق آیا
نہ کم قدر اُسکے شیرازہ بکھر جانے سے ارکان کی
گرا فعی بنکے جا نکلے اُدھر ابلیس اندھا ہو
اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق سے شامل

وله

سر دیوان لکھا ہی مین نے مطلع نعت احمد کا
ظہور حق کی حجت ہی جہان مین نور احمد کا
نہ تھا نام و نشان جن روز دن اُس لوح زبرجد کا
بہار آفرینش ایک بوٹہ اُسکی مسند کا
عرب مین شور اُٹھا جس وقت اُسکی آمد آمد کا
نہ تنہا فخر عالم فخر تھا اپنے اب و جد کا
عجب ڈھب یا دتھا روح الامین کو بھی خوشامد کا
گیا جنت مین طوبی بنکے سایہ اُس سہی قد کا
بیان اُس قلزم معنی کی ہو کیا جزر اور مد کا
کرون کیا وصف اُس دُر یتیم بحر سرمد کا
کھلا کرتا ہی بن کنجی ہمیشہ قفل ابجد کا
وہ جسم پاک گو محسود تھا روح مجرد کا
نہ افزون رتبہ قرآن مجزا سے مجلد کا
ملا ہی قصر اخضر روح کو اُسکی زبرجد کا
خواص اس نسخ کبری مین ہی حرف مشدد کا

۳

ولہ

ید قدرت لقب ہی میرے کلک گوہر افشان کا — بیاض صنع لک سادہ ورق ہی میرے دیوان کا

مری باد نفس سے گر ہو تیران پردۂ غفلت — بہتر فرقہ کے پیش نظر ہو نور عرفان کا

بہار حسن ہریالی مرے صحن سرا کی ہی — ریاض قدس گلدستہ ہی میرے طاق ایوان کا

سحاب ملک جان ہوکر مین برسون کشت گردون پر — روان ہو جوے خشک کہکشان مین چشمہ حیوان کا

دلون مین شاعرونکے گوہر معنی نہ پیدا ہون — نہ ٹپکے گر صدف مین اُنکی قطرہ میرے نیسان کا

نیابت اپنی بخشی مبدء فیاض نے مجکو — زمین تا آسمان ممنون ہی میرے بذل و احسان کا

نہین پیدا ہوا مین ابن باد و خاک و آب آتش سے — کہ مرکز چار سے عالم ہی باہر میرے ارکان کا

جب اپنا عظم شان مین دیکھتا ہون تب خیر آتی ہی — جہان کیونکر بنا ہی آئینہ تصویر انسان کا

مرے زیر قدم ہی تخت شاہی جس ولایت مین — وہان کے دام و دد کو عار ہی منصب سلیمان کا

بشر کے قالب خاکی مین گر مین جلوہ فرما ہون — تماشا دیکھنا منظور ہی نیرنگ امکان کا

رہا مین دہر مین اندیشۂ آشوب سے ایمن — گہر کو کیا خطر ہے لطمۂ گرداب عمّان کا

فراغ صد ابد ہی نیم لحظہ میری آسائش — طلسم کون نمونہ ہی مرے خواب پریشان کا

رہیگا روز رستاخیز تک گوے فلک گردن — حریف اک لحظہ تھا صبح نخستین میرے چوگان کا

مری خاک قدم سے تیغ خسرو استعانت لے — مری نعلین کو دے نعلبندی تاج سلطان کا

جسے کہتے ہین سب فردوس پائین باغ ہی میرا — مجھے ہی مفت گھر بیٹھے نظارہ حور و غلمان کا

دیوان شہیدی

نہ یک لحظہ مے گلرنگ پی کر مین نے مستی کی
نہ مین نے اک نظر دیکھی کبھی سیر گل و سوسن
ولیکن مجکو لطف عام سے امید واثق ہے
سوا اسکے نہین اب زندگی مین کچھ ہوس باقی
تصور آپکی صورت کا وقت نزع ہو مجکو
نگاہ پاک کو جسوقت پہونچے حکم قربانی
صفا یہ جان بر لب آمدہ کو میری حاصل ہو
ادھر دار فنا مین روح کو تن سے جدائی ہو

نہ یک لمحہ رہا نظارگی مین روے خوبان کا
نہ یک ساعت تماشائی ہوا مین برق و باران کا
کروگے جبر دم مین تم مرے صد سالہ نقصان کا
رہون ثابت قدم سر منزل تصدیق ایقان کا
مرا ماتم سرا مشرق بنے مہر درخشان کا
جمال خاص ہی قبلہ ہو قبلہ چشم حیران کا
دم آخر بھی آئینہ ہو روکش صبح خندان کا
ادھر ملک بقا مین جا کے مین واصل ہون جانان کا

۵	شہیدی مصطفےٰ کا لاڈلا حیدر کا پیارا ہون مجھے کیا خوف ہے بردہ ہون مین شاہِ شہیدان کا	۱۵

شوق وصال سینہ مین آزار بن گیا
میرے خرابے کی ہوئی تعمیر غیب سے
ٹپکے یہ چشم سے دم املا گل سرشک
مین کیا ہون صحبتِ بد رندان مین بیٹھکر
سمجھا گناہ کو جو گنہ اپنی شرع مین

مین خواہش طبیب مین بیمار بن گیا
سیل آکے چار سمت سے دیوار بن گیا
غمنامہ قطعۂ خطِ گلزار بن گیا
وو دن مین شیخ صومعہ میخوار بن گیا
اسیرِ عذاب ہے کہ گنہگار بن گیا

ہی دل کے اُنس کا بھی تماشا معاملہ | وہ بزم غیر مین گئے مین منفعل ہوا

۷ خلوت میں کوئی لحظہ ٹھہرتا وہ ستمگر
بیصبریون سے آپ شہیدی خجل ہوا ۱۰

ولہ

رنج وغم مین نے اُٹھایا سو اُٹھایا تھا | کسی عاشق کو نہ کھنا تو خدایا تھا
اسے کہتے ہین اطاعت کہ گیا مین بیخود | یار نے جب مجھے خلوت مین بلایا تھا
خضر کا قافلۂ ہوش جہان پر ہوا گم | مجھے وحشت نے وہان راتون پھرایا تھا
کہ زبان سے کرون ای تنگدلی نہ اگر | غیر کو جا نہ ملی یار سمایا تھا
معرفت غیر کے قاصد کو ملا تھا وہ پیام | کہ مجھے وحی کے مانند سنایا تھا
وصل کی رات بھی کمبخت حیا ساتھ رہی | حسب خواہش وہ مرے پاس کب آیا تھا
اس فریبی نے شب اقرار غلط فرما کر | اپنے در پر مجھے تا صبح بٹھایا تھا
درگذر غم نہ کرے دشمن جان میرا تھا | تیرے ہجران مین بھی اُس نے مجھے پایا تھا
کر لگائے تو نے اُسکے ورق محفل سے | حرف بیجا کی طرح مجکو اُٹھایا تھا

۸ گھر کو گور آپ کو مردہ مین شہیدی سمجھا
یار بن بخت نے جس رات سلایا تھا ۱۵

ولہ

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا | ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا

دیوان شہیدی

7

پاس آ بیٹھ نہ مطرب کہ ہوئی حاضر چنگ
دیکھکر مجکو پھڑک جائے نہ صیاد کا دم
عشوہ فرما کے دعا دل سے نکلوائی بزور
اب اٹھن گر مین کرون تیرے تغافل کا گلہ
نیچی نظرین کئے کس سوچ مین ہے عاشق زار

ساقی اُٹھ تو مرے پہلو سے کہ وہ جام آیا
چھپے کرتا ہوا خود مین نہ دام آیا
لب خاموش پہ جب شکوہ دشنام آیا
بات کیا صبح کا بھولا ہوا اگر شام آیا
آنکھ اُٹھا دیکھ تو یہ کون لب بام آیا

10 — بندہ قائل ہے شہیدی تری بیتابی کا
آگیا بر مین دلارام جب آرام آیا — 9

ست کو کیا فکر ہے گر پیرہن ٹکڑے ہوا
معرکہ مین عاشقی کے فتح اُسکے نام ہے
مرگیا تو ایک تیشہ مین نتھی یہ شرط عشق
دیر مین جسدن گیا وہ فتنہ خوی و جنگجو
تیرے آنے سے گلستان مین رہی بزم سماع
خندہ کرنے مین جو صبح اُس گل کے لب وا ہو گئے
میرے ماتم مین کیا کیا چاک اُس نے پیرہن
تیرے وحشی نے تڑائے سلسلے جس رات کو

ولہ

روح ہے قائل سلامت گو بدن ٹکڑے ہوا
خنجر بیداد سے جو خستہ تن ٹکڑے ہوا
کوہ کس مردانگی سے کوہکن ٹکڑے ہوا
دیکھنا پڑ رسے اُڑا بت برہمن ٹکڑے ہوا
بلبلون کے حلق گل کا پیرہن ٹکڑے ہوا
غنچہ کی چھاتی پھٹی لعل عدن ٹکڑے ہوا
قبر مین کیون خود بخود میرا کفن ٹکڑے ہوا
کہتے ہین اس رات لوہا لاکھ من ٹکڑے ہوا

سنگ گر سینہ مین اُسکے عوض دل ہوتا | وله | کار عشاق نہ اس مرتبہ مشکل ہوتا

شاد ہو ہو کے جلاتا نہ مجھے یون ہر دم | گر وہ بیرحم مرے حال سے غافل ہوتا

گھر سے جب سیر کو صحرا کی نکلتی لیلی | نجد کے رخ پہ اُٹھا پردۂ محمل ہوتا

بیٹھ جاتا لب فرش آکے اگر ایک گدا | اسمین نقصان ترا کیا صاحب محفل ہوتا

دل مین ارمان ہی رہا سیر چمن کا اس رنگ | ق | کہ مرے ساتھ وہ زیبندہ شمائل ہوتا

اُسکی بدھی کے لیے پھول مین خیتا پھرتا | ہاتھ اس کا مری گردن مین حمائل ہوتا

۱۳ عام ہین اُسکے تو الطاف شہیدی سب پر
تجھسے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا ۱۴

مذہب نقش آخر سے ہوا یان صفحۂ اول کا | وله | جلائے عشق سے ہی آج میرا آئینہ کل کا

دو عالم مین نہین ممکن ترا ثانی کسی صورت | مرض زائل کرے تیرا تماشا چشم احول کا

تپش پر بلبلون کی رشک ہے لوٹن کبوتر کو | ہوا کس طفل خو کو عزم بازی گاہ مقتل کا

سواری اُس مہ شب گرد کی بادِ بہاری ہے | کھلا ہر کوچہ مین طرفہ چمن گلہائے مشعل کا

جسے قاتل نے دیکھا اک نظر دم مین کیا بسمل | مگر تلوار کا ڈورا ہی ڈورا اُسکے کاجل کا

ہو تنکے آستان پر ہے نہ برسوں جبہ سائی کی | ہماری خاک کو ہے دیر مین اعزاز صندل کا

عجب کیا گریہ سے دھو جائے پتلی چشم عاشق کی | برسنے سے سفید البتہ ہوگا رنگ بادل کا

ولہ

محبت قطع کی تمنے وہ کوسون اٹھ گیا ہم سے
دل اپنا رشتۂ الفت کا تھا ای گلفشان باندھا

ابھی جوہر کرینگا اپنا ورنہ سچ بتا مجکو
تری تیغ نگہ نے مشورہ کیا یہ جیان باندھا

غریق بحر ہشیاری کو ہر دم فکر ساماں ہو
کبھی یان کشتی مے پر نہ ہم نے بادبان باندھا

عداوت نیم جان مجنون سے کیا ہے تجکو ای ظالم
مغیلان بن جو خالی ناقہ لاکر سایبان باندھا

کیا ہجران کی شب مین کوہ غم نے مجکو چور ایسا
کہ جراحون نے صبح آکر مرا ہر استخوان باندھا

بنا تھا پنجۂ جراح رشک پنجۂ مرجان
ترے زخمی کا جسم آشتہ تم خونچکان باندھا

مرا ہر مصرعہ دیوان ہے اک شاخ شکر گویا
لب شیرین کا مضمون مین نے تو شیرین بیان باندھا

زمان نزع دیکھا اک نظر جور بہشتی کو
یہ بہتان اپنے عاشق پر عبث ای بدگمان باندھا

کوئی ای حاملان عرش تمسے داد لیتا ہون
ستون اک آہ کا نالو نے سقف لامکان باندھا

شہید اس قدر دانی کا ہون بعد مرگ کے عاشق
لحد پر نخل ماتم یار نے بہر نشان باندھا

مجھے اک عمر سے تھا دو تیونکے سیر کا ارمان
شب فرقت مین تو نے دیدہ کو گوہر فشان باندھا

رسائی ایک بیر بام تک اسکو نہین ظالم
کمند آہ مین سو بار مین نے آسمان باندھا

وہ گنج ذات کیا کچھ ہوگا یارب مین تو حیران ہون
حفاظت کے لیے جسپر طلسم دو جہان باندھا

شہید کثرت عصیان سے مجکو خوف آتا ہے
سفر ہے دور کا اور دوش پر بار گران باندھا

ولہ ۱۶

ولہ ۱۷

۹

مرگ عاشق پر جو برہم ہو دو عالم کا ورق
وصل مین دشوار نکلیگا ہمارے دل سے غم
کیا لکھے دیکھے ستمگر معنی لفظ وفا
سامنے آنکھو نکے لہراتا ہے میرا درد دل
دم بدم آتا ہے اخبار دروغ و راست سب
کس شکار افگن کی آتی ہے سواری دشت مین
رو بروسے حق نہ اخفاے محبت ہو سکا

حیف ہے ای جان تجھے ملنا کف افسوس کا
چھوٹنا آسان نہین ہے خانۂ فانوس کا
پھاڑ ڈالا کیون خفا ہو کر دامن فانوس کا
کیون تجھے باور ہے سنکر ہے محسوس کا
بدگمانی نام ہے عشاق کے جاسوس کا
منتظر ایک ایک وحشی ہے صدا کوس کا
صبح عشرت سے نگر پردہ مرے ناموس کا

١٧
سبز کرتا ہون نگین دل شہیدی زہر سے
کندہ اس پر مین کرونگا نام شاہ طوس کا

جان اب تم سے ہو کیا بھید چھپانا دل کا
نئی باتین نئی گھاتین نئی چاہت نیا پیار
لاکھ ڈھونڈھا کرے حشمت کوئی ملتا ہے سراغ
ہاے رے اگلے ستمگار کا سن سن کے گلہ
اُنکی برداشت نے یا تنگ تو کیا نازک طبع
تھوڑے سے حلقون مین ہے زلف کے عارض کو پناہ

ولہ
آپ سے مجکو مبارک ہو لگانا دل کا
کیا قیامت ہے نئے شخص پہ آنا دل کا
اُنکی مٹھی مین ہے ان روزون ٹھکانا دل کا
اُنکا بھرنا دم سرد اور وہ دکھانا دل کا
سخت دشوار ہے اب مجکو اٹھانا دل کا
انھین منظور ہے پھندون مین پھنسانا دل کا

ڈرا جو گلستان میں آنے سے تیرے پری رنگ گل ہو گا ظاہر نہو گا

۲۰	ملا وصف کرنے کو معشوق تجھ سا ہوا ہی شہیدی سا شاعر نہو گا	۷

صاف آزردہ ہو تم سینہ مرا بجان کس کا
دل ہی دلدار ہی جب دل نہین کیا دلدار
بندہ ہونے سے مرے عار ہی گر صاحب کو
بیوفائی کا گلہ آپ سے کم فہمی ہے
رشک نے زہر بنایا ہے مرا آب حیات
سست مذہب ہوں لیکن نکردن پاس قسم

ولہ

رخ سے پیدا ہی غضب کعبہ پنہان کس کا
جان سے جاتا ہی چلی جان تو جانان کس کا
بندگی لیجیے مین تابع فرمان کس کا
صرفہ جب دل شکنی پر نہین پیمان کس کا
مرگ ہی وصل کی شادی غم ہجران کس کا
سخت کافر سے سروکار ہی ایمان کس کا

۲۱	اب شہیدی سے تو ہی ضبط جنون بس دشوار دامن یار ہی چھوٹا تو گریبان کس کا	۲۶

اور بھی دیتا جو حق سے کر کے منت مانگتا
میری محتاجی دلیل فرط استغنا سمجھ
زندگانی سے بجان ایسا ہوں گر ہوتا شہید
منھ کے بدلے می پرستی کو سوں میخانہ کے گرد

ولہ

پھر فزوں قسمت کیا مین اہل تقدیر مانگتا
کیا نہ ملتی مجھ کو گر مالک سے دولت مانگتا
اپنے قاتل کی دعا وقت شہادت مانگتا
گر مرا ساقی دعا ے ابر رحمت مانگتا

فصل گل کا اس قدر عرصہ نہ تھا صیاد سے
اک نظارہ کی جو زیر دام فرصت مانگتا

تیشۂ آخر سے جنت مین ان ہوای نظر	تھا سر فرہاد سنگ راہ جوے شیر کا

۲۶ — موج خیز غم مین قصر دل کی ڈالی ہی بنا / یہ نہ ٹھہریگا شہیدی فائدہ تعمیر کا — ۱۷

ولہ

ای پری حیران ہون تیرے خندۂ تقریر کا	اک طلسم نو ہی کھلنا غنچہ تصویر کا
ضبط گر مانع نہو ذکر بتون کے درد مین	سو خلل ہر شب کرے نالہ مری زنجیر کا
عاشقون کی آہ سے اُس مہروش کو غم نہین	جانتا ہی موم سے پیکان ہی اُنکے تیر کا
اشک خون رکھتے ہین گلگون تیرے چہرے کو مدام	شکر شرمندہ نہین مین رنگ کی تغییر کا
وصل بیداری ہی اُسکا خواب مین کرکے خیال	منتظر رہتا ہون نادانی سے مین تعبیر کا
عاشق حیران کو تیرے ای نگار سادہ رو	شبہہ ہر سادہ ورق پر ہو تری تصویر کا
مین نہین مجنون کہ صحبت آہوون سے ہو پیار	شیر بھاگے گر سُنے نالہ مری زنجیر کا
سو گنہ سرزد ہون مجھسے وان نہین ہر گز نہین	عہدہ سونپا ہی تغافل کو مری تعزیر کا
اُسکے ابرو پر ہمیشہ چین نظر آتی رہی	بل نکل سکتا نہین ہی ہمسے اس شمشیر کا
اس بھبوکے کا گُل نظارہ مین چلتا رہا	شب لیا مدّ نظر سے کام آتشگیر کا
اہل صورت کو ضرر ہی می سے اسمین شک نہین	آب سے پژمردہ ہوتا ہی چمن تصویر کا
بزم دنیا مین حسین سے تیرہ باطن کو ہو نفع	یان زبان شمع کا قاتل دہن گلگیر کا

تمہارو زمرا تجھسے بھی تاریک بادہ	مین تیرا گلہ ای شب یجور کردن کیا
سولی نے ہمین محنت زندان سے چھڑایا	مین اب کہوا ای حضرت منصور کردن کیا

۲۸

ہر لحظہ رکھون ہاتھ مین دل اُنکا ولیکن
ہین خو سے شہیدی کی ہون مجبور کردن کیا

۱۷

	ولہ	
مرا سینہ ہوا شہر اسمین دل خونباش ہے گویا		ہے معشوق بن رہتا نہین عیاش ہے گویا
نہین وہ ہمتین محتاج پوشاک مکلف کا		بدن مین خود ہے نکلی ایسی ہے تراش ہے گویا
نہ سر کا سامنے سے ایکدم ایام ہجر ائین		غم دلدار خدمتگار حاضر باش ہے گویا
چھوا جس شخص نے مدہوش ہوکر خاک کو لوٹا		ترا آنچل ای پری افسونگری کا ماش ہے گویا
بچھاہی عید کے دن فرش رنگین اطلس خون سے		شکم میری قربانگاہ کا فراش ہے گویا
ملا پیتان جنت سے تجھے شیر ای قد جانان		اسی سے نخل طوبی تیرا گلتاش ہے گویا
کبھی دیکھا نہ تیرے بے زبانگو گفتگو کرتے		شرارہ آہ سے منہ مین مرے خشخاش ہے گویا
شب تاریک عاشق مین ترے رخ کی تجلی سے		بہ رونق تھی رخ پر خاک کے بشاش ہے گویا
سُلا کر قبر مین کھولا کفن تیرے ملاکش کا		صباح حشر کا سو جلسہ پردہ فاش ہے گویا
ترا سیب ذقن ہے نوبر باغ حسن کا میوہ		مہ نو قاب گردون پر اسی کی قاش ہے گویا
دیا عشق بازی مین گلون کی مہر و دولت مین		نہین یہ سکہ جسکے ہاتھ مین قلاش ہے گویا

۲۹

ولہ

۱۱

۱۵

۲۰ — ۵

ولہ

ہو چلا خنجر بیداد کا بسمل ٹھنڈا | ہے ہوا اب تو کلیجہ ترا قاتل ٹھنڈا
تھم رہو دشت میں مجنوں تو بتنگ پانوں | جس کے پردے سے ہو لیلی ترا محمل ٹھنڈا
یاد یاران وطن میں نفس سرد سے ہیچ | دشت غربت کیا میں نے کئی منزل ٹھنڈا
جام بھر بھر کے لگا دینے لگے اب بھی شربت | اس قدر بھی تو نہ ہو ساقی محفل ٹھنڈا
اُدھ چلے ہیں شہید عشق کیوں اسی گرم کہ | سبز چوٹی کو تو کر حور شمائل ٹھنڈا
تشنۂ وصل پہ پڑتی رہی کیا دو دم دو | نیل مقصود کا نزدیک ہے ساحل ٹھنڈا
اپنا پیری میں ہوا داغ جنوں روشن تر | شمع کو وقت سحر کرتے ہیں عاقل ٹھنڈا

۲۱ — سینہ پر مہندی بھرے ہاتھوں کو رکھ کر بولا / اے شہیدی ترا بس اب تو ہوا دل ٹھنڈا — ۲۲

ولہ

آسمان خصم قوی ہے اہل استبداد کا | زنگ میں ضائع رہا جوہر مرے فولاد کا
دیکھتے ہی آئنہ ایسا ہوا وہ بدحواس | شکل عاشق کو دکھا کر ملتجی ہو داد کا
آسمان ہشتمی پر قمریوں کا ہے دماغ | باغ میں تکیہ لگا بیٹھا جو وہ شمشاد کا
ہے وہی شکل و شمائل ہے وہی ناز و ادا | کیوں نہ دھوکا ہو پری پر یار کے ہمزاد کا
ای صنم میں داد کو اپنے نہ پہونچوں روز حشر | گر خدا سے بھی کروں شکوہ تری بیداد کا
یاد چشم سرمگیں کیا کیا رولاتی ہے مجھے | جس گھڑی قرآن پڑھتا ہوں میں صاد کا

جیسے بھر ابھرا ہو شگوفون سے نونہال بے آہ میرے گریہ مین رونق ذرا نہین ناحق ہی فکر گر ہو چھریرا ترا بدن		زیور سے تو ہی سرو سمن بر بھر ابھرا سچ کہتے ہین علم سے ہو لشکر بھر ابھرا ورزش سے ڈنڈ تو ہے ستمگر بھر ابھرا
۳۸	کیا قطرہاے خون شہیدی کی احتیاج جوہر سے خود ہے یار کا خنجر بھر ابھرا	۵
شروع سال ہی کچھ کرون سامان دل کے ماتم کا جہان نظارگی ہی یار ہنستا ہی مین رفاہون ہوئی تحریر نامہ مُہر کا صرفہ رہا سب سے نہ راز اس سے چھپاؤن جان ہمیشہ گرد پھرتا ہی	ولہ	بہانہ خوب ہاتھ آیا ہی ان روزون محرم کا تماشا ہی چمن مین خندہ گل کا گریہ شبنم کا برای زیب ہو نا قلمدان مین ہی خاتم کا پر یہ و نیرا عاشق ہے کہ ہین معشوق ہون غم کا
۳۹	صنم بہر خدا رہنے دے اپنا ہاتھ سینہ پر ہمارا زخم دل محتاج ہی ان روزون مرہم کا	۲۲
آئنہ رخسار جانان کا ہمارا دل ہوا شکل اک پردہ نشین کی دیکھ کر بسمل ہوا دیدۂ انجم مین بے سرمہ غبار آجائیگا غیر کی خاطر کیا چو رنگ مجکو یار نے	ولہ	یان بڑھا کے داغ وان پہ اپنا گل ہوا مین ادھر جیسے گیا روپوش ادھر قاتل ہوا خون سے بے تقصیر ہو لا نگاہ اس کا دل ہوا پرزے پرزے گر ہوا تن ٹکڑے ٹکڑے دل ہوا

۱۹

دیوان چہارم

۱۰	باریاب خلوتِ جانان ہو عاشق بعد مرگ اے شہیدی جیتے جی جنت میں کب داخل ہوا	۴۰

ولہ

عمر بھر عشق کے آزار نے سونے نہ دیا
ہائے ہائے دلِ بیمار نے سونے نہ دیا

نالہ کش ایک رہا ایک کراہا تا صبح
جانِ ریش و دلِ افگار نے سونے نہ دیا

خواب میں شکل دکھاتا وہ مقرر مجکو
شومیٔ کے طالع بیدار نے سونے نہ دیا

عیش کی شب بھی مگر بخت کو آجاتی نیند
اُسکی پازیب کی جھنکار نے سونے نہ دیا

میرے مرقد پہ کہا کس نے قیامت ہے قریب
یاد آکر تری رفتار نے سونے نہ دیا

رت جگے ہوتے رہے ہیں کہ بڑھے غم کی عمر
ایک شب و دل زار نے سونے نہ دیا

ہیں نے سونے نہ دیا شام سے اُسکو شب وصل
صبح تک ضد سے مجھے یار نے سونے نہ دیا

نیش غم نے رگ مژگان سے نکالا یہ لہو
مجکو راتوں مرے غمخوار نے سونے نہ دیا

میکشو سرخ ہیں آنکھیں جو تمہاری شاید
شب تمھیں ساقی سرشار نے سونے نہ دیا

۱۱	خوف تھا اُسکو شہیدی تری بدمستی کا شب جو ہمبر ہوں کو عیار نے سونے نہ دیا	۴۱

ولہ

صلح میں عربدہ جو مستعد جنگ رہا
شب عشرت مری آغوش میں وہ تنگ رہا

شکر ہے خانۂ زندان کی شکایت نہ رہی
جا کے صحرا میں بھی دیوانہ نزا تنگ رہا

جان ہی انعام تو لے ای فلک شعبدہ باز
تو دکھاتا ہمین سو رنگ کے نیرنگ رہا

دیکھکر سینہ زنی چہرہ خراشی اپنی
بزم دشمن مین اُسے شغل دف و چنگ رہا

آہ سوزان نے بہت شیشہ گری کی افسوس
نہ بنا شیشہ دلِ سخت صنم سنگ رہا

وسعت آباد اسے کہتی ہی نادان خلقت
مین نے عالم مین قدم جب دھرا تنگ رہا

۴۳	گر شہیدی کے قلم مین ہی یہی نقش بدیع یادگار اس سے بھی دنیا مین اک ارژنگ رہا	۲۰

ولہ

دیر و حرم کا جبکہ جہان مین نشان نہ تھا
عاشق کے دل سوا کوئی اُسکا مکان نہ تھا

کس خوش سلیقگی سے مرتب تھی بزم عیش
سامان وہ کیا ہی جو کہ مہیا وہان نہ تھا

گسترده فرش بو قلمون تھا جہان تہان
اطلس نہ تھا حریر نہ تھا پرنیان نہ تھا

دستے چنے تھے اور ہی پھولونکے طاق مین
چمپا نہ تھا چنبیلی نہ تھی ارغوان نہ تھا

روشن ہر ایک گوشہ مین تھی سو ہزار شمع
گلگیر تنگ حوصلہ چھانٹے دہان نہ تھا

تھین بتیان اگر کی سلگتی ادھر اُدھر
آتش و لخلخہ سوز کی تھی پر دُخان نہ تھا

تھا مست نغمہ بزم کا ہر کوچک و بزرگ
چنگ و رباب و عود کا شور و فغان نہ تھا

ہر لحظہ بے پیالہ و ساقی نشا دو رمی
آنکھون مین تھا خمار کوئی سرگران نہ تھا

موجود تھا مشاہدہ معدوم تھا حجاب
بے چشم جو نظارہ تھا سو رایگان نہ تھا

۲۱

۴۴

تیرے گلشن میں ہمیشہ رہے شبنم کی بہار
زاہد شہر کی ہے طرفہ خرابات میں سیر
ہم خلائق کسی دریا کی اگر موجیں ہیں
گریۂ غم سے ہیں مرے بیت حزن ہی نہار

لخت سینہ سے ہو موتیون کا ہار جدا
پی کے ز سبحہ جدا ایسکی ہو دستار جدا
دم میں سو بار ملے اور ہو سو بار جدا
سقف قائم رہے گر اس سے ہو دیوار جدا

۴۵ | تپ فرقت نے کیا سرد شہیدی ہمکو
فصل سرما میں کسی سے ہو دلدار جدا | ۱۴

چاند نکلا تھا کدھر کیا ترے جی میں آیا
کوئی جھونٹون بھی سناتا نہیں جو نکا کے مجھے
مجھے آتی ہے بدن سے ترے بو فتنہ کی
جب گیا غیر تری بزم سے دلشاد گیا
کوئی اس عہد فراموش سے کہہ دے جا کر
نعش کس کی یہ اٹھی جسکے تماشے کے لئے
جلد انصاف جو کا خلق کا ہو وے اور حشر
روز بد سے بھی بری شب جو کٹی ہے انکی
میرے اور انکے قسم پہ ہی قسم قول قبول

ولہ

شام کے وقت جو تو آج مرے گھر آیا
کیا ہے بیہوش پڑا وہ ترا دلبر آیا
کس کے آغوش میں تو ہو کے معطر آیا
جب میں آیا ترے کوچے سے مکدر آیا
آج وعدہ ترے عاشق کا برابر آیا
سر کھلے اپنی وہ دہلیز سے باہر آیا
پھر قیامت ہے جو وہ شوخ ستمگر آیا
اور دن آیا تو اس رات سے بدتر آیا
نہ کہا ایک کا پر ایک کو باور آیا

دیوان شہیدی

۲۲

آغوش

سچ ہو پلے پر پہونچکر تیر کم کرتا ہے توڑ
وصل کی تدبیر کا خواہاں رقیبوں سے ہوا
لاکھ ڈھب میں چال چلتا اسقدر ہوتی ہے دیر
میر دم تک اُس گلی میں حشر کا ہنگامہ تھا
باغ دنیا سے ملا کیا کیا نہال آرزو
بے مقدر دولت باقی نہ حاصل ہو سکی
اک گل دیدار کی حسرت میں اپنے من چلا
لاشہ کا بھی خون گرفتہ کے پتا ملتا نہیں
کچھ دنوں ہمنے بھی چھوڑ ہیں رستے عشق میں
کس سے کہتا کسکی سنتا واقف اپنا کون تھا
پیشتر طوفان گریہ میر کا مانع نہ تھا
عشق میں تعظیم کا خواہاں کسی سے میں نہ تھا
سکر میں بھی کم نماز جمعہ کی ہیں قضا
ورد کرتا تا گر طواف دیر بیت ہو تا جمع

میرے نالے کا بلندی سے اثر جاتا رہا
تیری فرقت میں مرا ہوش اسقدر جاتا رہا
آسمان شاید شب ہجران ٹھہر جاتا رہا
اپنا لاشہ اُٹھتے ہی سب شور و شر جاتا رہا
شور زار دل کی خاصیت سے پر جاتا رہا
آسکے قابو میں مرے وہ سیمبر جاتا رہا
یا بہار دامن نظارہ بھر جاتا رہا
نامے جاتے تھے یہیں یان نامہ بر جاتا رہا
جا سکے تا چرخ آہ کا شعلہ بکھر جاتا رہا
ہاتوں اُسکی گلی میں گنگ و کر جاتا رہا
مہر میں تقیمیں پا پا ب انکے میں اُتر جاتا رہا
محفل جانان میں سب سے پیشتر جاتا رہا
کو کدہ سے سوے مسجد پیشتر جاتا رہا
گرد قصر یار ناحق ہر سحر جاتا رہا

فقر میں شاہد پرستی کب شہیدی سے نبھی

ردیف باے موحدہ

۱۲

مبارک ای گل زخم شہیدان خندہ تازہ
ہوا ہی شوق خنجر کو نیام زعفرانی کا

پھر اکڑتا ہی رانون کو جگا تا خیل غوغائی
نہین محتاج ویرانہ ہمارا پاسبانی کا

تغیر حال مین اپنے رہیگا شام محشر تک
ابھی سے پوچھنا بیجا ہی انجام اس کہانی کا

بہار بیخزان سے عشق رکھ گر خرمی چاہے
عبث بلبل ہی تو نادان اس گلزار فانی کا

وہ خود فرمان مین ہی اُسکا تخیل گیا ہی فرمان مین
شب عشرت مین بھی ہو غم ترا ہو بدگمانی کا

۵۶	ہمارے سادہ رو کا چہرہ ہے ہر صفحہ سادہ نظر کیا آئے تجکو محو تو نیرنگ مانی کا	۱۳

مین معتقد ہون عشق خوش عندلیب کا
ولہ کہتے ہین گل عرق ہی خدا کے حبیب کا

کب سنبل بہشت معطر کرے دماغ
گر ہو نچے نفع آ کے نہ گیسو کی طیب کا

اُس نے مساحت جبل طور کے لئے
بخشش کیا کلیم کو عہدہ جریب کا

صحرا مین گر بیان ہو نزے نطق کی حدیث
خنظل مین کیا عجب ہی مزا ہو فریب کا

دے عقل کل کو طفل دبستان جہان سبق
اُس مدرسہ مین تجکو لقب ہی ادیب کا

گر دون پہ عشرت شب معراج کا نشان
اب تک حنا مین ہاتھ ہی کف الخضیب کا

آواز مانجتے رہین داؤد عمر بھر
اس آرزو مین کام ہے اُس سے نقیب کا

فرخندہ بخت ہی وہ جو امت مین ہو تری
ارمان ہمیرون کو رہا اس نصیب کا

دیوان شہیدی ۲۶

ولہ ۵۹ ۱۲

۵۸ | ۱۲

بیت بخشی کرنی ہے گر طائرانِ باغ سے
ہمسے یہ اشعار تازہ سیکھ جائے عندلیب

سنبل گیسو ترا اگر دیکھ پائے عندلیب
دل نہ ہو دام رگ گل مین پھنسائے عندلیب

گر یون ہی گلشن مین طوفان کی طراوت کا ہے جوش
منہدم ہو کوئی ساعت مین بنائے عندلیب

زیر دیوار چمن ہر صبح جاتا ہون کہ وان
کانون مین اڑنے سے آتی ہے صدائے عندلیب

گلرخون کی بزم مین البتہ ہو اپنا گزار
ہو جہان خندان چمن وان کیون نجائے عندلیب

دھوپ مین بیٹھا رہون مین تیرے در کے سامنے
اور بچھے گلشن مین گل کے سائے سائے عندلیب

ایکدن اُس غیرتِ گل نے اٹھایا ہاتھ پر
بوئے گل مین بس چھپے سب خطا پائے عندلیب

تجھے دلمین عشق پنہان رکھین گلبن کیا عجب
نکلے غنچون کے چٹکنے مین صدائے عندلیب

جس روش تجکو اٹھا لیتا ہون مین ای نازنین
اس صفائی سے نہ گل کو بھی اٹھائے عندلیب

بے سبب کیون خشم بیجا اسقدر ای باغبان
ہان رعیت ہے تری یہ ہے خطائے عندلیب

قامت و رخسار تیرے دشمن جان ہین ترے
آفتِ پروانہ شمع اور گل بلائے عندلیب

آمد فصل خزان سے پیشتر دو روز کاش
سینۂ صحن چمن ناشق ہو سمائے عندلیب

شاہد گل پہنے لڑیان سوتیون کی کان مین
یہ غزل میری چمن مین گر سنائے عندلیب

۲۷

ولہ ۶۰ ۱۳

پھینکدی ہے باغ میں جوش جنوں نے کر کے چاک — گل جسے کہتے ہیں سب ہے قباے عندلیب

مقتل گلشن میں آیا ہے لیے زر ہاتھ میں — کسقدر تھا گل کو فکر خون بہاے عندلیب

وصل کے عاشق کو تسکین نقل سے ممکن نہیں — پھول کاغذ کے نہوں جلبت روے عندلیب

وہ ترا قد ہے صنوبر کو دکھائے فاختہ — وہ ترے رخسار ہیں گل کو دکھاے عندلیب

جو کہ انداز جفا تجھ میں ہے وہ گل میں کہاں — کیا دغا سے میری ہمسر ہو وفاے عندلیب

آشیاں سے صحن گلشن تک بچھیں لاکھوں دام — کاش ہو موج ہوا زنجیر پاے عندلیب

باغ میں صیاد کا گلچیں سے پہلے ہو گزار — [illegible] خالق سے ہے یہ التجاے عندلیب

خصم جان گلچیں عدو صیاد دشمن باغبان — وقت تیرے قتل کا ہے ای خداے عندلیب

۶۱ — قصۂ عاشق کو صبح حشر تک پایاں نہیں / کیا شہیدی سے بیاں ہو ماجراے عندلیب — ۹

آئے تھے لے کے کوڑے محتسب — ولہ — بن گئے مستوں کے گھوڑے محتسب

گر نہو بے عقل شیشے توڑ کر — عذر میں کیوں ہاتھ جوڑے محتسب

ٹھونک ڈالو مکے رندو ایک دن — شہر میں ہیں تم سے تھوڑے محتسب

گر ہمارے میکدہ میں ہو گذار — خم کے بدلے تو سبو توڑے محتسب

لذت مے سے اگر واقف ہو تو — ٹھیکرے خم کے نچھوڑے محتسب

رشک اُسپر مجھے آتا ہے میسر جس کو
ایک معشوق پری چہرہ ہو و جام شراب

گلشن حسن کے طاؤس کے پھنسنے کے لئے
غورۂ رز ہی اگر دانہ بنا دام شراب

تو ہین تائبہ مجھے ان پر انکار کا موقع ہو کوئی
خود گھر بزم ہین ہے وہ جیب گل اندام شراب

ہین گرا ایکسے سبو بول اُٹھا بادہ فروش
واقعی ہی سبب لغزش اقدام شراب

خم کرون گردن مینا تری فرقت ہین تو دے
شور قلقل سے مجھے موت کا پیغام شراب

چشم جانان بھی ترے سحر کی قائل ہو تو
گل نرگس کو بنا دے گل بادام شراب

وصل کی رات کا لطف اُس سے نہ پوچھو جو شخص
آپ بیہوش ہوا پی کے سرِ شام شراب

فتنۂ شر کا سبب غمزۂ سفاک ہوا
عہد مین تیرے پری مفت ہی بدنام شراب

٦٧ طبع پھر جوش پہ ہے تا کہ دوبارہ لکھے
اے شہیدی اُسے ہم کیون نہ کہین جام شراب ٩

ولہ

لطف سو دیکھے پلا کر اُسے یکجام شراب
وصل کی رات مین کیا آئی سرِ کام شراب

پیشتر آمد جانان سے ہوا مین مدہوش
ہو گیا حق مین مرے وصل کا پیغام شراب

کفر ثابت ہی ترے چشم کا مخموری سے
کب یہ ممکن ہو پیے صاحب اسلام شراب

اُسکی محفل مین رہین تا کہ نہ عاشق کے حواس
دورا دل ہی پلا دیتے ہین بھر جام شراب

پھیرے شیشے کا ہی مجلس مین تو کی چال
دیر مین جیسے دھرے زائر اصنام شراب

تیری خدمت کی بدولت ہوں ہیں ای پیرمغان
رات دن ملتی ہے پیمانوں میں بن دام شراب

چشم مخمور کا کشتہ ہوں مری تربت پر
کیا عجب خلق چڑھاتی رہے بادام شراب

زنگ ہو جائے بہار ابھی ابھی سرخ و سفید
اپنی جھوٹی مجھے دے ساقی گلفام شراب

میری آنکھوں میں تری دیکھکے سمجھا کہ پئے
سحر کرنے کے لیے دشمن اسلام شراب

رہن میخانہ ہے آغاز میں دستار و قمیص
کیا دکھاتی ہے مجھے دیکھیے انجام شراب

سر دیا محکمۂ شرع میں شیشہ نہ دیا
ہیں رندان جہان لیکے مرا نام شراب

زہر حسرت سے شہیدی ہی مجھے بالطبع ہے ذوق
ورنہ تھی میکدۂ عشق میں اقسام شراب

۷۰	ردیف تاے مثناۃ	۱۶

تھی جنکے سبب رونق بازار محبت
وہ اٹھ گئے لے ساتھ خریدار محبت

ولہ

تا دل کی جگہ قطرۂ خون بھی رہے باقی
ممکن ہے کھلے عقدۂ دشوار محبت

سینہ تھا عرق تیرا اسکو ڈرا خوف سے اسکے
گردوں نہ ہوا محرم اسرار محبت

شعلے مری آہوں کے پرے عرش کے چمکے
رکھتے تھے ہوا سے کرۂ نار محبت

میلہ تھا فرشتوں کا زیارت کو ہماری
جس روز پہنایا ہمیں زنار محبت

ہر لخت جگر تو گل خندان کا ہے رو کش
شاداب ہمیشہ رہے گلزار محبت

۷۲ | ۵

غضب ہے ہجر مین جسکے ہمین تھا بسنت
مزہ بسنت کا جب ہے کہ وہ بسنتی پوش
ہر ایک شے یرقان سے نظر پڑے ہے زرد
تھا ایکسال سے واریان سے اُسکی خفگی سے

ولہ

وہ بر مین غیر کے بیٹھا ہوا منائے بسنت
خوشی سے بیٹھ کے پہلو مین پیر گائے بسنت
ہنوز دیکھیے کیا کیا ہمین دکھائے بسنت
کٹا ہے کیسی مصیبت سے اب کے یاس بسنت

لگے ہے دیکھ مرے رنگ زرد کو وہ شوخ
شہیدی آج تو تم بھی منانے آئے بسنت

۷۳ | ردیف ثا سے مثلثہ | ۹

شب خموشی کا غیر تھا باعث
یا ہوئی آپ کی حیا باعث

وان ٹھہرنا صلاح وقت نہ تھا
ہمنشین تو مجھے ہوا باعث

چاہ مین بوالہوس کی خوب نہ تھی
میری خواری کی ہو وفا باعث

بے تکلف رہا مدام وہ شوخ
آج مجھسے حجاب کا باعث

موت کا کچھ نہ کچھ بہانہ ہوا
ہوا مرنے کی یان دوا باعث

غم سے اُترے ہزار منھ میرا
پوچھتی ہے تری بلا باعث

شب رکا سا رقیب سے بولا
ہمپہ اصلا نہ کچھ کھلا باعث

بے خطا گالیان نہ دے نادان
ورنہ پوچھینگے آشنا باعث

رکھتا ہے شوق نامۂ عاشق بھی بال پر ہر لحظہ زخم تازہ ہو اسکا قرارگاہ	پرواز کی نہین ہو کبوتر کو احتیاج کب ہے نیام کی ترے خنجر کو احتیاج

۷۶

محتاج بعد قتل شہیدی ہون عشق مین
فتراک یار کی ہو مرے سر کو احتیاج

۷

ولہ

مین جنبش لب دیکھ کے سمجھا سخن موج	پر وصف تبسم سے ترے ہو دہن موج
ہر دل مین ترے جلوۂ واحد کا ہی پرتو	اک شمع قمر رونق صد انجمن موج
تیرے ہی تو گردش کا مشتاق ہو کافر	زنار کے قالب مین ہر اک ہمن موج
دیوانہ ترا بند تعلق سے ہے آزاد	کب باندھ سکے آب اُن کو رسن موج
وہ گل جو نہانے کو سحر حوض مین اُترا	تھا خندہ زنان موج چمن پر چمن موج
مشاطہ گری اپنی صبا لا کہ دکھاوے	پہونچے خم گیسو کو ترے کب شکن موج

۷۷

پوشاک مکلف کی ترک حرص شہیدی
بے چاک آتو یان ہوا پیرہن موج

۷

شہر ڈوبا ہے بحر سے اور دیدۂ خونبار سے آج	بیٹھے وہ سیل گذر جائیگا کہسار سے آج
ہے تو یہ حرمت جسکی زبان پر گل تھی	مست آتا ہو چلا خانۂ خمار سے آج
مضطرب کیون نہون سب سو رہے کھٹکے دلین	دمبدم دیکھتے کیون ہین مجھے پیار سے آج

ردیف حا

گھر سے آپکی جاو اندھیرے مین بلا
تمسے افزون تب انق کے ہجر مین گھبراتی ہی صبح

مجکو رو رو کر شب ہجران یہی آتا ہے سوچ
وصل کی شب دم مین کیسی صاف ہوجاتی ہی صبح

اسکے بالون کی سیاہی سے شب یلدا اجل
اور صفائی کا وہ عالم ہی کہ شرماتی ہی صبح

تیری چوٹی پر سے بالے وار کر بنتی ہی صبح
صدق دلسے تیری گردن کی قسم کھاتی ہی صبح

منہ دکھادے روز محشر تو نہین لاتی نہین
گر شب ہجران مین ہمسے ناز فرماتی ہی صبح

داغ ہی خورشید ساچاک گریبان سے نمود
تپسہ تو خندان ہی ہر دم کیا تری چھاتی ہی صبح

کب کسی کے گھر ٹھہرتا ہی وہ پرفن رات بھر
تو شہیدی کو عبث ہر لمحہ دھمکاتی ہی صبح

ردیف خاے معجمہ

٨٠ — ١٦

نہر بہشت کا ہی مجھے شہد ناب تلخ
شیرین کو کوہکن سے ملا تھا جواب تلخ

وہ میٹھی گالیان وہ شکر خواب وصل کا
ہر دم ہی یاد مجکو نہو خورد و خواب تلخ

اُسکی نگاہ قہر سے بجوذ ہوا رقیب
کم ظرف ضبط کر نہ سکا پی شراب تلخ

بوسہ لیا ہے لب سے نہ دشنام تو نکال
شربت کو میرے کر نہ ملا کر گلاب تلخ

کاغذ مین قند باندھکے آتے ہمارے گھر
یا مخلفون مین کرتے مین اب ہیجاب تلخ

فرقت مین اُسکی ذائقہ بگڑا ہی شمع کا
سمجھا مین نغمۂ شکرین رباب تلخ

ولہ ٨١

ردیف

۱۱	ردیف دال مہملہ	۸۲

میرے نے چشم تکینگے مری جا میرے بعد — وله — خوب روئینگے مجھے اہل عزا میرے بعد
یار نے کھائی ہے سوگند جفا میرے بعد — تا نہ یاد آئے اُسے میری وفا میرے بعد
حسن ہے طرفہ کشاکش مین گران جانی سے — ہوئی محتاج فنا تیغ ادا میرے بعد
پھر نہ بیٹھا صف پائین مین کوئی ذلت سے — بزم جانان مین ہے خالی مری جا میرے بعد
ہوئے عشاق نوازی کے وہ دل سے معروف — ہائے مقبول ہوئی میری دعا میرے بعد
تھا جنون مجکو بڑھے رہنے نہ دئے میرے ناخن — توڑکر کھولینگے وہ بند قبا میرے بعد
دیدۂ تر کو تہ خاک ہوا ارزان حسرت — اک نظر ہوگی کرشمہ کی بہا میرے بعد
جیسے چلے سے کمان کرتے جدا بعد از جنگ — چین ہے وہ ابروئے کج ہونگے جدا میرے بعد (?)
دوش پر رکھینگے دوہرا کے سبھی عزت سے — خاک پر لوٹیگی کیون نہ لف دوتا میرے بعد
گھر سے نکلا کرینگے عطر مین ڈوبے ہر صبح — تیری بن آویگی اے باد صبا میرے بعد

۹	کیون نہ خون روؤن شہیدی ہی وہ برائے زینت میرے روضہ سے منگائینگے حنا میرے بعد	۸۳

شام سے ایسی خوشی دلین سمائی شب عید — وله — کہ اے تا سحر نیند نہ آئی شب عید
اسمین معشوق خوشی کرتے ہین اسمین عاشق — وصل کی شب سے بھی عشرت مین آئی شب عید

زال دنیا کے تعشق میں ہے خلقت کو جنون — ہر مژہ اس تجبہ کی ہے صورت نشتر سپید

۸۵ — عاشقی کی حرص پیری میں شہیدی ترک کر / کیا سیہ چشمون کی صحبت ہو گیا جب سر سپید — ۱۱

ہے سورۂ والشمس اگر روے محمدؐ — واللیل کی تفسیر ہوئی موے محمدؐ

جب روے محمدؐ کی نظر آئی تجلی — سمجھا میں شب قدر ہے گیسوے محمدؐ

کم ساتھ ہوا روے نکو خوے نکو کا — ہے نیک مگر روے صفت خوے محمدؐ

ہے سرمۂ کورہی میں نہان دیدۂ بدبین — جب دن سے عیان ہے رخ نیکوے محمدؐ

ماہ نو شوال سے عاشق کو نہیں عید — جب تک نظر آجائے نہ ابروے محمدؐ

کس وضع اٹھائے ہوئے ہیں بار دو عالم — ظاہر میں تو نازک سے ہیں بازوے محمدؐ

تھا بیش بہا حسن کے بازار میں یوسفؑ — پر ہو نہ سکا سنگ ترازوے محمدؐ

گلگشت گلستان میں پڑھو صلّ علیٰ تم — ہر پھول کی بو میں ہے رچی بوے محمدؐ

کعبہ کی طرف منھ ہو نمازوں میں ہمارا — کعبہ کا شب و روز ہے منھ سوے محمدؐ

ہر نخل بیابان عرب مجھکو ہے طوبیٰ — ہون شیفتۂ قامت دلجوے محمدؐ

رضوان کے لئے لے چلوں سوغات شہیدی / گر ہاتھ لگے خار و خس کوے محمدؐ

۸۸ | پا گرفتار ہون تا ہاتھ چڑھے اسکی زلف / خواب مین آج شہیدی نظر آئی زنجیر | ۱۶

مجھے کھلوانے کمان لائی ہے تقدیر شکار — ولہ کرے صیاد کو جس دشت مین نخچیر شکار
بچکے نکلے ترے کوٹھے کے کبوتر سے عقاب — کرین شاہین کو ترے گھر کے عصافیر شکار
دل مین باقی نرہے گلشن جنت کی ہوس — گر ترے رنگ محل کی بنے تصویر شکار
نسر واقع کی طرح سکتے مین رہجاتے ہین — دشت مین دیکھلے رخ کی ترے تنویر شکار
نظر آئی وہ فرہ دل کی تپش رفع ہوئی — حرکت کر نہ سکے کھا کے ترا تیر شکار
کوئی ہے بستۂ فتراک کوئی خستہ بہم — صیدگہ مین تری کیا رکھتا ہے توقیر شکار
رنگ تغیسہ یہ لوٹے جو ترے وادی مین — نہ کبھی یاد کرے ساحت کشمیر شکار
نقرئی قبضہ و خنجر ہے طلائی قاتل — آئے تجھے حلق پر ملکہ مگر اکسیر شکار
ذوق جولانگہ دلدار مین اللہ اللہ — کعبہ سے نکلے ہین چھٹتے ہو تکبیر شکار
یہ بھی اعجاز سمجھ میر سے شکار افگن کا — دل سے معروف دعا ہو نہ شمشیر شکار
بسملی کے مزے کی کسکو ہے پرسش ورنہ — کرے حلقوم بریدہ سے بھی تقریر شکار
واقعہ یار کے میدان کا اگر خواب ہوا — صبح محشر نظر آجائیگی تعبیر شکار
دست دپا کو قلم اسواسطے قاتل نے کیا — نہ گلا کٹنے کی لذت کرے تحریر شکار

۴۲۷ — دیوان شہیدی

نیند آئی شب بن ترے گو آہ سرد سے
ٹھنڈی ہوائین چلتی رہین اپنے بام پر

تجھسے جو مجکو وصل ہوا اسکو بھی وصل ہو
عاشق ہوئی ہے صبح مری تیری شام پر

لہرا رہا ہے آتش یاقوت پر دخان
ملتا ہے وہ مسی جو لب لعل فام پر

توڑا پھڑک پھڑک کے قفس پر نہ اڑ سکے
سر کے لہو سے تر تھے ہمارے تمام پر

دل مفت تجھسے لیتے نہین اور خوبرو
کندہ ہے یہ نگینہ مرا تیرے نام پر

در پر شراب خانہ کے ہے اپنی یہ صدا
ہم دو جہان کو بیچتے ہین ایک جام پر

جانے کی سن کے تیری مریگا تمام شہر
باندھی کمر سفر پہ ہے یا قتل عام پر

شکر سے طوطیون کو نہین عشق جسقدر
کل طیر مند محو ہین میرے کلام پر

مین ہون بشر کلام بشر ہے مرا کلام
حاسد کو اعتراض ہے حق کے کلام پر

سینہ سے وہ جو کان ملاحت لپٹ گیا
کیا آ چلے تھے زخم جگر التیام پر

91 — 7

الله ہے جو وصل شہیدی کو ہو نصیب
عاشق ہوے ہین اک بت ذی احتشام پر

ولہ

پہلو مین تپش دل کو ہے بسمل کے برابر
بسمل بھی نہ تڑپیگا مرے دل کے برابر

ہے حال مرا مردمک چشم کے مانند
اس بات مین کچھ فرق نہین تل کے برابر

ٹکڑے شط الفت مین ہوے لاکھون سفینے
تختہ نہ لگا ایک بھی ساحل کے برابر

دولت دنیا کا منہ کالا وفا اس سے نہ ڈھونڈھ ۔ گم ہوئی خاتم تجھے تنہا سلیمان چھوڑ کر

دیدۂ عبرت سے گورستان کی جانب کر نگاہ ۔ خاک پر سوتے ہین کیا کیا قصر و ایوان چھوڑ کر

تو نے ای دل سینۂ پر داغ سے جنبش نہ کی ۔ یار کی محفل مین گل پہونچا گلستان چھوڑ کر

بحر و بر دشت و جبل کی سب صعوبت سہل ہی ۔ جب ہوے کعبہ کے عازم کوے جانان چھوڑ کر

وصل کے کیا ایسے سامان ہین کہ عاشق ہو حریص ۔ حسرت درد و غم و اندوہ ہجران چھوڑ کر

مین وہ دیوانہ ہون بعد مرگ بھی تا حشر روح ۔ سیر جنت کو نہ نکلی کنج زندان چھوڑ کر

جامۂ صد چاک اور طوق گران زنجیر پا ۔ ہم چلے دنیا سے کیا کیا کچھ نہ سامان چھوڑ کر

جوش وحشت گر نہ ای ناصح ہو مانع خشم کا ۔ لون گریبان مین ترا اپنا گریبان چھوڑ کر

مژدہ ای قاتل ہی اوہ نیمجان بسمل بھی سرد ۔ جسکو تو آیا تھا خاک و خون مین غلطان چھوڑ کر

چار سو ج قلزم ریگ روان مین ہی اسیر ۔ تیرے دیوانے کہان جائین بیابان چھوڑ کر

خود فروشی حسن کو لازم ہی یوسف سا عزیز ۔ مصر کی بازار مین آیا ہی کنعان چھوڑ کر

یہ ستم تازہ سنو کرنے لگا نشت اپنی ہماف ۔ تیر بے پیکان ابھی سے طفل نادان چھوڑ کر

۱۱	کیا اُٹھا لاشہ شہیدی رند کا جو شیخ عصر نعرہ زن دوڑا نکلا مسجد مین قرآن چھوڑ کر	۹۴

گل کھائے عضو عضو تن درد مند پر ۔ ولہ ۔ پھرین لگین جنون کی مرے بند بند پر

رات سوتا تھا جو وہ رشک قمر کوٹھے پر
جھانکنا روزن دیوار سے اب چھوڑ دیا
غیر گھیرے ہی رہے زینہ کو مین جا پہونچا
تھہرو صاحب عصمت کا وہ جھک کر چلنا
کوٹھے پر یار بلاتا ہو نہ زینہ نہ کمند
اب کی گرمی نے کیا خلق کو یہ زیر و زبر
طور پر جب سے تجلی کا سنا اُسنے ظہور
رشک کہتا ہو کہ آیا خط اغیار یہان
کیا بیان تجھسے کرون ہند کی آبادی کا
دیکھکر ایک جبل پر جسے حیران تھا کلیم
ہر طرف سیکڑون خورشید و قمر جلوہ فروش

ولہ

چاندنی چھٹکی رہی تا بسحر کوٹھے پر
یا کھڑے رہتے تھے تم دو دو پہر کوٹھے پر
پاؤن چھٹ روزن دیوار پہ دھر کوٹھے پر
پس دیوار کہ ہو تا بہ کمر کوٹھے پر
جی مین ہو پیکبدن مین کاٹ کے گھر کوٹھے پر
دن کو تہ خانہ مین مین شب کو اگر کوٹھے پر
جلوہ فرما نہین ہوتا ہو مگر کوٹھے پر
نظر آتا ہو کبوتر کا جو پر کوٹھے پر
برسون گر جا مین کرین سیر و سفر کوٹھے پر
شام کے وقت وہی نور ہو ہر کوٹھے پر
وہ اُدھر کوٹھے پر اپنے یہ ادھر کوٹھے پر

۹۷ — پردگی یار کا نظارہ شہیدی معلوم
ہان چڑھے دیکھنے کو چاند اگر کوٹھے پر — ۲۲

گر نہین ہو باغبان گلشن مین طغیان بہار
ہر گل خودرو کو ہو تشویش سامان بہار

ولہ

جام عمر بلبلان بھر دیگا طوفان بہار
اُنکے وحشی کا جنون شاید ہو مہمان بہار

۱۰۱

گر ہوا میکدہ مسمار نہین باک ہنوز
شکر ہی بادہ کشان جوش مین ہی تاک ہنوز

والہ

گر مرا کوکب اقبال نہ چمکا تا حال
کیا گلہ آپ ہی گردش مین ہین افلاک ہنوز

حشر گہہ مین ہوئی جنت مری خاطر شب باش
خوف عصیان سے ہون پوش تہ خاک ہنوز

خط کے آنے سے نہین یار کے ہم مین یاویس
تیغ ابرو ہے سیہ چشم غضبناک ہنوز

جلوہ فرما مرے گھر تھا کبھی وہ رنگ بہار
عطر پیراہن گل مین خس و خاشاک ہنوز

ہمنے دیکھا تھا اسے آج سحر پہنے تھا
عطر مین ڈوبی ہوئی خواب کی پوشاک ہنوز

خنجر شوق شہادت نے مجھے قیمہ کیا
آنہ مالش پہ ہی آمادہ وہ سفاک ہنوز

خون مری لاش سے دھوتے ہین اعزہ لیکن
تیغ زن رن مین ترا غمزۂ چالاک ہنوز

۱۰۲ — ۹

میر و مرزا کی طرح کی ہی شہیدی یہ غزل
کہ دہن سے نہین نکلا سخن پاک ہنوز

جام جم بادۂ عشرت کو نہ خاک ہنوز
میری قسمت سی گرہ تخم مین ہین تاک ہنوز

والہ

تیر دامن کی ہوا تھی مرے دل کی آتش
جبکہ ہستی مین نہ تھا آب نہ تھی خاک ہنوز

جسم بے پا سے شہادت مری جان زندہ ہی
دھو نہ شمشیر کو اے قاتل سفاک ہنوز

ننگ آتشکدہ مدت سی ہون اصحاب حرم
بھیجتے ہین مجھے تحفہ خس و خاشاک ہنوز

کھینچکر تیر مری لاش سے خرسند نہ ہو
دلمین رکھتا ہون ترا غمزۂ بیباک ہنوز

ترے غمزہ کا ہون بریدہ سر جسے جنگجو مرے قتل پر
مراد ان نگ خنا ہے خون ترے پانون کے مجھے کیا کرون
تجھے جب سے دیکھا ہوا پری نجبا کیسے نظارہ کی
کوئی کاروان جو نکل گیا سوے نجد قیس بول اٹھا

نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس کمر کو کس نہ کمر کو کس
نہیں ستر بن نہیں ستر بن نہیں ستر بن نہیں ستر بن
نہ ہی ہوس نہ ہی ہوس نہ ہی ہوس نہ ہی ہوس
وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس

تو شہید ابرہیہ سے کہ وہ شہر ابیہ بیٹھے ہین جس جگہ
وہین جا برس وہین جا برس وہین جا برس وہین جا برس

۱۰۵	ردیف شین معجمہ	۱۴

خورشید مرے دل کی ہو گر اک شرر آتش
بے سوز محبت نہ مٹی دل کی سیاہی
اس زلف مین رخ دیکھکے بیہوش تھا دل
گلزار محبت مین ہون مین اک شجر نار
تا عشق سے آگاہ ہون عاشق دل صد چاک
رہے سے شب عشرت مرے گلشن کو ملا آب
داغون کو نقش رشک مین ہے طرفہ [illegible]
گر رزق کی مانگون مین دعا صبح کو [illegible]

ولہ

ہر ذرہ ہو کانون مین ہزاران شرر آتش
آہن کو بنا دیتی ہے ہمرنگ زر آتش
موسیٰ کو شب تار مین آئی نظر آتش
بیخ و تنہ و شاخ و گل و برگ و بر آتش
ایوان مرے گھر مین لگی بیخبر آتش
[illegible] نہ کرے خار تن اپنا مگر آتش
گرمی کے [illegible] ہو شادابتر آتش
سر پر مرے طباخ فلک طشت بھر آتش

ردیف ظاء معجمہ ۱۱۲

زبان بتون کی ملائم ہو د تقدیر مین خوف — کہ سخت جانون کو ہو درد انتظار غرض

می جنان کا سنا مین نے وصف پر واعظ — کسی کی چشم سے ہو دھیان انتشار غرض

نہ گرد راہ کو دامان برق مین ہو گذر — نہ گرد خاطر مضطر کرے غبار غرض

بچھائے دام ادا گر نہ حسن عشق فریب — ریاض جان کی نہ بلبل ہو نہ بہار غرض

نپٹ گلے نہین لپٹاؤ نگا گلے تجکو — کہ بیقراری دل سے ہے بیقرار غرض

غرض یہ ہے کہ اسی امر مین کرے تکرار
وہ پوچھتا ہے شہیدی سے بار بار غرض

۱۱۱	ردیف طاء مہملہ	۹

بس ذات حق صحیح ہے اور ما سوا غلط — ولہ — ہے ابتدا سے دیر سے تا انتہا غلط

آئے نہ اپنی فکر مین کچھ معنی جہان — یہ نسخہ جدید ہے سر تا بپا غلط

عاشق کا پاس گنجفہ بازی مین تو کرے — باور نہین مجھے غلط ای بیوفا غلط

مدت سے آرزو ہے ترے پیرہن کی بو — ای کاش ایک صبح کرے رو صبا غلط

سو طرح کی قسم سے موکد کرین جسے — بے شبہ جانون ہے وہ سخن آپکا غلط

کہتا ہے پڑھ کے نامہ عاشق کو وہ ظریف — انشا مین کچھ کلام نہین مدعا غلط

ہوتا جو وان کے خفیہ نویسون سے مطلع — لاتا نہ خط رسان خبر آشنا غلط

ردیف عین مہملہ ۱۱۳ — ۱۱

دیوان شہیدی ۴۵

بہت دل عرق ہوکر رہ گئے وان	مرے یوسف کا ہو چاہ ذقن صاف
چمن مین سبزۂ بیگانہ مین تھا	مرے اٹھنے ہوئی وہ انجمن صاف
طہارت گر صفاے ظاہری ہو	زیادہ شیخ سے ہو برہمن صاف
کدورت دل کی آتی ہو زبان پر	کہے انسان نہ رنجش مین سخن صاف

اجارہ داغ کا دل پر شہیدی
رہیگا حشر تک میرا کفن صاف

شب ہے ہو شفقت و عتاب مین فرق	والہ دوست دشمن کے خورد و خواب مین فرق
اشک غم اور اشک شادی اور	لعل و گوہر کی آب تاب مین فرق
لذت نوش لب اسے جو ست	نگر نقل اور شراب مین فرق
مجکو تو ہے پسند تجکو رقیب	میرے اور تیرے انتخاب مین فرق
گلشن دل کے عطر یہ قطرات	گریۂ تلخ اور گلاب مین فرق
سینہ پر سل دھری گئی پس مرگ	نہو دل کے اضطراب مین فرق
تتق نور مین نہان ہو وہ رخ	اس سے اور حور سے نقاب مین فرق
کم ہو میری وفا سے تیری جفا	روز محشر نہو حساب مین فرق

اُدھر ہی دستِ گل اُنکا زیبِ دامان چاک
اِدھر ہی جوشِ جنون سے مرا گریبان چاک

مئے بہار سے افزون ہوئی ہی مستیِ حسن
بشکلِ گل ہی گریبانِ نازنینان چاک

لگائے سبزۂ نورستہ مرہمِ زنگار
اس آرزو سے ہوا زخمِ چشمِ گریان چاک

چمن کی پردہ دری کا ہی ذوق کسکو نسیم
کہ جیبِ گل مین سمایا ہی صد خیابان چاک

غرورِ حسن لڑکپن مین تھا یہ نام خدا
کہ اُسنے جاتے ہی مکتب مین کی گلستان چاک

جنون کی خیر زلیخا تہو کہ اپنا جیب
بجا ہی تو کرے دامانِ ماہِ کنعان چاک

تمھارے شانۂ مشکین کو گر ہنر ورنہ ہو
دلِ مقیدِ گیسو مین ہین فراوان چاک

عدم مین تھا مجھے خورشید رو جنون تیرا
کہ مثلِ صبح مین پیدا ہوا گریبان چاک

ملیگا ہاتھونکو آرام لو لگا پانون سے کام
کہ میری جیب سے یہ آئی ہی گریبان چاک

کتان منگا کے لگاؤن مین جیب مین شبِ ماہ
کہ دیتے ہین مجھے دشتِ جنونکو دامان چاک

نہ قبر کن کے ہون محتاج تیرے دیوانے
کہ اُنکے مرگ مین ہو سینہ و گریبان چاک

قبائے تنگ کا اُس گل کے مجھسے حال نہ پوچھ
کرے کتان کو نہ اس رنگ ماہِ تابان چاک

وہ خالِ گل ہی ترے دورِ حسن مین جس رنگ
ہزار جان سے ہو پیراہنِ بتیان چاک

شگفتہ ابرِ سیہ مین ہو جیسے جلوۂ صبح
ہمارے دل کے رہے زیرِ داغ پنہان چاک

ہمارے عشق کو تو ای جنون نہ رسوا کر
کہ پیرہن کے سبب سینہ کے ہین پنہان چاک

کلی انار کی رکھتا ہے آرسی پر کیا
شب مراد کسی مضطرب کی تھی ای شوخ
تری بلا سے ہوے ہم تجھے تو شادی ہے
ہرا بھرا رہے تیرا سہاگ لاکھ برس
یقین ہے چاند کا دھوکا پڑیگا چہرہ پر
ہر ایک رنگ مین ہے رنگ کی ہے بو و نہان

ابھی کھلیگا ترا موسم جوانی رنگ
مسی کہو دھنا کا ہے زعفرانی رنگ
ہمارے سوگ مین پوشاک نوشہانی رنگ
دکھاتا ہمین بھی ذرا چوڑیونکا دھانی رنگ
ہی آج اُسکے ڈوپٹہ کا آسمانی رنگ
چڑھے نہ رنگرزون سے بغیر پانی رنگ

رفیق شاہ دکنہ ہی شہید ہی آخر کا
سپید کے نہین دنیا مین کوئی ثانی رنگ

۱۴۴ **ردیف لام** ۱۴

ولہ

ایک غنچہ شہور کھتے ہین اُس گل کے پیرہن کے پھول
ماہ مین خورشید کے پرتو سے آئی روشنی
پھول نیلوفر کے گر رکھے وہ اپنے ہاتھ پر
پھول لاتے ہین عبث زوار قبر قیس پر
لالہ زار دل ہوا ہی اک پری کا سیرگاہ
ظالمون کے باج لیکر صرف زینت تو کرے

